# نون شوگر ملز لیمیٹڈ

رجسٹرڈ آفس : A-67-66، گارڈن بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔

## اطلاع برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ نون شوگر ملز لیمیٹڈ کے ممبران کا ایک غیر معمولی اجلاسِ عام بروز سوموار مورخہ 30 مارچ، 2026 صبح ساڑھے گیارہ بجے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے بمقام A-67-66، گارڈن بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور منعقد ہوگا:

**عمومی کارروائی:**

1 - سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ 27 جنوری، 2026 کی کارروائی کی توثیق۔

2 - کمپنیز ایکٹ 2017 میں فراہم کردہ طریق کار کے تحت سات (7) ڈائریکٹران کا انتخاب کرنا۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (1)159 کے مطابق، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اس اجلاس میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے منتخب ڈائریکٹرز کی تعداد سات (07) مقرر کی ہے۔ منتخب ڈائریکٹرز کی مدت تاریخِ انتخاب سے تین سال ہوگی۔

ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹران کے نام، جو دوبارہ منتخب ہونے کے اہل بھی ہیں، یہ ہیں:

1- جناب کنور اقبال طالب 2- جناب سیف اللہ خان نون 3- جناب عبدالخالق خان 4- سید علی رضا
5- جناب عرفان احمد 6- جناب عطا علی ملک 7- محترمہ مریم ممدوٹ

جو بھی رکن اس انتخاب میں حصہ لینے کا خواہش مند ہو، وہ اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں بطور ڈائریکٹر انتخاب لڑنے کے اپنے ارادے کا تحریری نوٹس جمع کروائے، جس کے ساتھ اپنے قومی شناختی کارڈ/پاسپورٹ اور این ٹی این کی نقول، زیرِ انعقاد ڈائریکٹرشپس کی تفصیلات، مفصل پروفائل اور کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کرنے کے لیے دفتری پتہ فراہم کرے۔ مزید برآں، ایک اعلامیہ بھی جمع کروایا جائے جس میں لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی ضروریات کی تعمیل کی تصدیق کی گئی ہو، اور کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 153 سمیت ایکٹ کی دیگر قابلِ اطلاق دفعات اور متعلقہ قوانین وضوابط کے تحت بطور ڈائریکٹر تقرری کے لیے اہلیت کی توثیق کی گئی ہو۔

آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات 159 اور 166 کے مطابق کیا جائے گا۔ وہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 166 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے طریقہ کار اور انتخاب) ریگولیشنز، 2018 میں مقرر کردہ معیار پر پورا اتریں گے۔

جو امیدوار آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب لڑنے کے خواہش مند ہوں، اُن کے لیے درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کروانا ضروری ہوگا:

i۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ریگولیشن (3)6 کے تحت آزادی کا اعلامیہ؛

ii۔ کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے طریقہ کار اور انتخاب) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن (1)4 کے تقاضوں کی تکمیل سے متعلق غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر حلف نامہ۔

**کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)166 کے تحت بیان:**

کمپنی اپنے بورڈ میں خودمختار ڈائریکٹران کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ آزاد ڈائریکٹران کو کمپنیز ایکٹ، 2017 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے طریقہ کار اور انتخاب) ریگولیشنز، 2018 کے ذریعے طے شدہ خودمختاری کے معیار پر پورا اترنا چاہیے۔

3 - چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں پیش کیے جانے والے دیگر امور انجام دینا۔

## منتقلی حصص کی کتابوں کی بندش

غیر معمولی جنرل اجلاس (EGM) کے انعقاد کے مقصد کے لیے کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 24 مارچ 2026 سے 30 مارچ 2026 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔

آئندہ منعقد ہونے والے EGM میں ووٹنگ کے حق کا تعین کرنے کے لیے، وہ شیئر ٹرانسفر ڈیڈز جو ہمارے شیئر رجسٹرار، کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور، کے پاس جمع کروائے جائیں گے، انہیں اس صورت میں درست اور مؤثر تصور کیا جائے گا بشرطیکہ وہ 20 مارچ 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہو جائیں۔

حسب الحکم بورڈ

ناصر اقبال انصاری

کمپنی سیکریٹری

لاہور۔

26 فروری، 2026

**نوٹس** :

1 - کوئی بھی ممبر جو اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا مجاز ہے وہ اپنی جگہ کسی اور ممبر کو اجلاس میں شرکت کرنے کے لیے اپنا پراکسی مقرر کرنے کا حقدار ہے۔ پراکسیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اجلاس کے انعقاد کے لیے مقرر کردہ وقت سے کم از کم اڑتالیس گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جائیں۔ کوئی ممبر ایک سے زائد پراکسی مقرر نہیں کر سکتا۔ پراکسی فارم کے ہمراہ شیئر ہولڈر کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل لگائی جائے۔

2 - CDC کے اکاؤنٹ ہولڈروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 of 2000 مورخہ 26 جنوری 2000 میں وضع کردہ مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں:

**.a اجلاس میں شرکت کے لیے:**

i - افراد کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کی تصدیق کی غرض سے اپنا اصل قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ معہ CDC اکاؤنٹ نمبر ساتھ لائیں۔

ii - کارپوریٹ باڈیز کے نمائندے اجلاس میں شرکت کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ معہ نامزد افراد کے نمونہ دستخط اپنے ہمراہ لائیں۔

**.b پراکسیوں کے تقرر کے لیے:**

i - افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر مندرجہ بالا ہدایات کے مطابق پراکسی فارم مہیا کریں۔

ii - پراکسی فارم دو گواہان سے تصدیق شدہ ہو گا جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج کیے جائیں گے۔

iii - پراکسی فارم دینے والے ممبراور پراکسی ہولڈر کے CNIC یا پاسپورٹ کی نقول پراکسی فارم کے ساتھ مہیا کی جائیں گی۔

iv - میٹنگ میں شرکت کے وقت پراکسی ہولڈر اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ برائے شناخت پیش کرے گا۔

v - کارپوریٹ باڈیز بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ اور پراکسی کے نمونہ دستخط پراکسی فارم کے ہمراہ مہیا کریں۔

3 - فزیکل شیئرز کے حامل ممبران سے التماس ہے کہ اگر ان کے ڈاک کے پتوں میں اگر کوئی تبدیلی ہو تو اس سے فوراً کمپنی رجسٹرار یعنی کارپ لنک (پرائیویٹ) لیمیٹڈ کو ان کے پتے واقع ونگز آرکیڈ، 1-K, کمرشل، ماڈل ٹاؤن لاہور پر مطلع کریں۔

4 - کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات 143 تا 145 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کی قابل اطلاق شقوں کے تقاضوں کو پورا کرنے کے بعد ممبران اپنا رائے شماری کا حق استعمال کر سکتے ہیں۔

5 - کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (2)132 کے تحت، اراکین اپنے آبائی شہر سے ویڈیو لنک کی سہولت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس صورت میں، کسی مخصوص جغرافیائی مقام پر مقیم ایسے اراکین جو مجموعی طور پر کم از کم 10% یا اس سے زائد حصص کے حامل ہوں، عمومی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 7 دن قبل کمپنی سے ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ ایسی درخواست موصول ہونے پر کمپنی متعلقہ رکن یا اراکین کے گروپ کے لیے ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی۔

ویڈیو لنک کی سہولت حاصل کرنے کے لیے، براہِ کرم درج ذیل فارمیٹ میں مکمل طور پر پُر شدہ درخواست کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں ارسال کریں:

"میں/ہم، __________ ولد/ساکن __________، بطور رکن نون شوگر ملز لیمیٹڈ، بذریعہ رجسٹرڈ فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر __________ کے مطابق __________ عدد عام حصص کا حامل/حاملان ہوں، اور بذریعہ ویڈیو کانفرنس __________ مقام پر شرکت کی سہولت اختیار کرتا ہوں/کرتے ہیں۔"

6 - اگر بطور ڈائریکٹر انتخاب لڑنے والے امیدواروں کی تعداد کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (1)159 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو جائے تو انتخاب کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے مطابق منعقد کیا جائے گا۔ ایسی صورت میں اراکین کو الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت یا بذریعہ پوسٹل بیلٹ اپنا ووٹ کاسٹ کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ووٹنگ کے عمل کی جانچ پڑتال کے لیے ریگولیشن 11 کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے مطابق، شائن ونگ حمید چودھری اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس (کیو سی آر ریٹنگ یافتہ آڈٹ فرم) کو جانچ کنندہ مقرر کیا ہے، جو اس ضمن میں متعلقہ تجربہ رکھتے ہیں۔

7 - ایس ای سی پی کی مقرر کردہ ضابطہ جاتی ضروریات کی تعمیل میں، یہاں یہ بیان کیا جاتا ہے کہ اجلاس میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

8 - اس نوٹس کے ساتھ ایک پراکسی فارم منسلک ہے اور یہ کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

# نون شوگر ملز لیمیٹڈ

A-67-66 گارڈن بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔

## پراکسی فارم

رجسٹرڈ فولیو نمبر/ ____________________

سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ____________________

میں/ہم ____________________________________________

(نام)

____________________________________________

(پتہ)

بحیثیت ممبر/ممبران نون شوگر ملز لیمیٹڈ، یہاں پر تقرر کرتا ہوں/کرتے ہیں

____________________________________________

(نام)

ا____________________________________________

(پتہ)

یا اس کی غیر حاضری کی صورت میں ____________________________________________

(نام)

ا____________________________________________

(پتہ)

کو بمقام A-67-66 گارڈن بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور میں بروز سوموار مورخہ 30 مارچ، 2026، بوقت ساڑھے گیارہ بجے صبح یا اس کے کسی بھی التواء پر، منعقد ہونے والے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کرنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے لیے اپنا/ ہمارا بطور نمائندہ مقرر کرتا ہوں/کرتے ہیں۔

بطور گواہ آج بتاریخ ____________________ 2026

پچاس روپے کا رسیدی ٹکٹ
یہاں چسپاں کریں

شیئر ہولڈر تقرر کنندہ کے دستخط ____________________

| **گواہ 1** | | **گواہ 2** | |
|---|---|---|---|
| دستخط | ____________ | دستخط | ____________ |
| نام | ____________ | نام | ____________ |
| پتہ | ____________ | پتہ | ____________ |
| قومی شناختی کارڈ نمبر | ____________ | قومی شناختی کارڈ نمبر | ____________ |

**نوٹ:** پراکسی اسی صورت میں قابل قبول ہوگی کہ اس پر دستخط، رسیدی ٹکٹ، گواہان کے دستخط ہوئے ہوں اور یہ اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر موصول ہو جائے۔ CDC کے ممبران کو اپنی پراکسی اپنے تصدیق شدہ قومی شناختی کارڈ کے ہمراہ بھیجنا ہوگی۔